Answer sheet

Class XII 2021-22

(Elective) Code -003

Time: 120 minute **Subject-Urdu** Maximum Marks 40

Second Term

Part A (10Marks)

حصہ الف

جواب نمبر۔1۔

(الف)

(1) چھاپہ کا موجد جرمنی کا ایک شخص گاٹن برگ تھا۔

(2) گاٹن برگ 1400 میں جرمنی کے ایک قصبہ منیز میں پیدا ہوا تھا۔

(3) گاٹن برگ نے لکڑی کا بلاک بنا کر تصویریں چھاپنا شروع کیا۔

(4) گاٹن برگ کو تصویروں کی چھپائی کے ساتھ حروف کی چھپائی کا خیال آیا۔

(5) گاٹن برگ نے سب سے پہلے "انجیل مقدس" کتاب چھاپی تھی۔

(ب)

(1) شاعر نے بچوں کو دولت علم سے دامن کو سجانے کا مشورہ دیا ہے۔

(2) بچا کھیل کود میں زندگی کے قیمتی لمحوں کو گنوانا نہیں چاہیے۔

(3) اپنے استاد سے تہذیب و تمدن سیکھنا چاہیے۔

(4) اپنے ماں باپ کی جان و دل سے عزت کرنی چاہئے اور ان کے حکم کو ہمیشہ ماننا چاہئے۔

(5) شاعر کے مطابق نیک بچوں کو دوست بنانا چاہیے۔

جواب نمبر2 **(الف)**

(1)پنڈت امر ناتھ کی تقریر کاشی کے آریہ مندر میں ہو رہی ہے ؟۔

(2)پروفیسر دان ناتھ کے دوست کا نام امرت رائے ہے۔

(3)پنڈت امر ناتھ کی تقریر سے دان ناتھ بیزار نظر آرہا ہے۔

(4)پروفیسر دان ناتھ نے امرت رائے کے کان میں کہا کہ رٹی ہوئی تقریر ہے۔

(5)بغلول کے معنی بے وقوف کے ہیں۔

(ب)

(1)شاعر دل اور آسمان سے ڈرا ہوا ہے۔

(2)شاعر خود رفتگیٔ دل یعنی دل کی بے خودی کا مزا بھول نہیں پاتا ہے۔

(3)راہ میں ہر قطعہ صحرا یعنی صحرا کا ہر حصہ شاعر کے نزدیک دلکش ہے۔

(4)"سائے سے بھاگنا" محاورا ہے اور اس سے مراد بہت زیادہ خوف زدہ ہونا ہے۔

(5)جادو بیان کے معنی ہیں،وہ شخص جس کے طرز گفتگو میں جادو سا اثر ہو۔

Part -B (18Marks)

حصہ ب

سوال نمبر3۔ درج ذیل محاوروں کے معنی لکھئے۔

راہ نکالنا -صورت نکالنا ، وسیلہ پیدا کرنا

دم نکلنا -جان دینا ، جان فنا ہونا

دل جلانا -اذیت دینا ، پریشان کرنا

سوال نمبر4۔ تشبیہہ کی ایک مثال ہے:

ہستی اپنی حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے

سوال نمبر 5۔ استعارہ کے لغوی معنی مستعار لینا ہے۔ علم بیان کی اصطلاح میں ایک شے کو ہو بہو دوسری شے قرار دیا جائے اور دوسری شے کے لوازمات پہلی شے سے منسوب کر دئے جائیں۔ اسے استعارہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد ہے:

زمین --آسمان

شب --روز

دشمن--دوست

سوال نمبر 7۔ اردو کے چند مشہور نظم نگاروں کے نام ہیں:

اقبال، جمیل مظہری، ن۔م۔راشد۔

سوال نمبر 8۔ غزل عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کے معنی ہیں عورتوں سے باتیں کرنا یا عورتوں کی باتیں کرنا۔ ادب کی اصطلاح میں اس صنف کو غزل کہتے ہیں جس کا ہر شعر جداگانہ معنی کا حامل ہو۔ یہ اردو کی مقبول ترین صنف ہے۔

سوال نمبر 9۔ آرزو لکھنوی کے شعری مجموعوں کے نام ہیں:

فغان آرزو، جہان آرزو اور سریلی بانسری۔

سوال نمبر 10۔ جدید دور کے ماہرین لسانیات کے مطابق اردو دہلی اور دہلی کے آس پاس کے علاقوں میں بولی جانے والی کھڑی بولی سے نکلی ہے۔

سوال نمبر 11۔ اردو کی پہلی مثنوی کدم راو پدم راو ہے۔ اس کے مصنف فخر دین نظامی بیدری ہیں

سوال نمبر 12۔ اسرار معابد، گودان، بیوہ

Part -C (12Marks)

حصہ ج

مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) کے جواب اردو میں تحریر کیجئے سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر 13۔ پطرس بخاری نے اپنے انشائیہ "مرحوم کی یاد میں" میں اپنے دوست کی ایک پرانی سائکل کا نقشہ کھینچا ہے۔

سوال نمبر 14۔ پطرس بخاری 1898 میں "پشاور" پیدا ہوئے۔

سوال نمبر 15۔ اردو کے دو اہم انشائیہ نگاروں کے نام ہیں پطرس بخاری، مشتاق احمد یوسفی۔

سوال نمبر 16۔ نرمل ورما کا انتقال 2005 میں "دہلی" میں ہوا تھا۔

سوال نمبر17۔کالی کٹ یونیورسٹی نے ویکوم محمد بشیر کو "ڈاکٹر آف لیٹرز" کی اعزازی سند عطا کی۔

سوال نمبر18۔ویکوم محمد بشیر کی پہلی اہم تخلیق کا نام ہے "بچپن کی ساتھی"۔

سوال نمبر19۔افسانہ "کلرک کی موت" کا مرکزی کردار کا نام ہے "چیرویاکوف"۔

سوال نمبر20۔"دق" کی بیماری چیخوف کی موت کا باعث بنی۔

سوال نمبر21۔پریما اور لالہ بدری پرشاد، ناول "بیوہ" کے کردار ہیں۔

سوال نمبر22۔مرآۃ العروس، ابن الوقت